© rasailojaraid.com

**اُردو ترجمۂ قرآن حکیم پہلا پارہ**

از جناب مولانا شبیر احمد صاحب (شعبۂ تحقیق ادارۂ معارف اسلامی منصورہ۔ لاہور) ناشر: ادارۂ علم القرآن۔ ۱۰۔ ٹیننگ محل شاہ عالم مارکیٹ۔ لاہور۔ بہ تعاون رضیہ شریف ٹرسٹ ۴۴۶۔ شادمان کالونی، لاہور۔

مولانا نہ صرف دین سے گہری محبت رکھتے ہیں بلکہ علومِ دینیہ میں ان کا خاصا مقام ہے۔ علی الخصوص قرآن اور تفسیر قرآن اور درس قرآن (نیز احادیث و فقہ) سے خاص دلچسپی ہے۔ قرآن کریم کے ترجمہ کا انہوں نے ایک دلچسپ اور مفید تجربہ پیش کیا ہے۔ یعنی اُردو میں متنِ قرآن کا ترجمہ کرتے ہوئے دونوں زبانوں کے الفاظ الگ الگ ہو جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے قارئین کو تکلیف ہوتی ہے۔ مؤلف نے یہ نادر حل نکالا ہے کہ متن کی عبارات میں دو رنگ استعمال کیے ہیں۔ یعنی سُرخ اور سیاہ۔ ترجمہ کرتے ہوئے وہ سُرخ رنگ کے الفاظ کا ترجمہ سُرخ رنگ میں کرتے ہیں۔ اور سیاہ رنگ کے الفاظ کا ترجمہ سیاہ رنگ میں۔

پہلا پارہ جدید کمپیوٹری طباعت سے آیا ہے۔ امید ہے کہ دوسرا جلد مل جائے گا۔ ہدیہ درج نہیں۔ مفت تقسیم کے لیے ہے۔ اور آخری صفحے پہ پتے دیے ہوئے ہیں جہاں سے اسے مفت حاصل کیا جا سکتا ہے۔

خداوند کریم مولانا کے جذبۂ خدمتِ دین اور خدمتِ قرآن کی جزائے موفور دے۔

---

**اذان**

ایڈیٹر: محمد خالد فاروقی۔ مقامِ اشاعت: نیو یارک (مزید پتہ درج نہیں)، کاغذ، طباعت، ٹائیٹل بہت خوبصورت۔ قیمت فی شمارہ امریکہ میں ۲ ڈالر۔

دینی دعوت کا تحریک انگیز رسالہ ہے اور انگریزی اُردو دونوں زبانوں میں مضامین پیش کرتا ہے۔

---

**ایک انگریزی پمفلٹ**

نام SELF INTROSPECTION AND MORAL RECONSTRUCTION — یہ راقم الحروف کے ایک مقالے "اپنی اصلاح آپ" کا انگریزی ترجمہ ہے جو دبیز رنگین ٹائیٹل کے ساتھ ۳۴ صفحات میں شائع ہوا ہے۔

مترجم: شریف احمد خان اور ناشر کرامت اللہ شیخ ہیں (اداے کا پتہ۔ اسلامک بک پبلشرز۔ پوسٹ بکس ۲۰۲۱) کویت

© rasailojaraid.com